گناہ

آپ کے گناہ آپ کو جہنم میں نہیں لے جا سکتے!

www.gbcpakistan.org
Email: gracebiblechurchpakistan@gmail.com

آپ کے گناہ آپ کو جہنم میں نہیں لے جا سکتے !

بے شمار پاسبان یہ تعلیم دیتے ہیں کہ آپ کے گناہ آپ کو جہنم میں لے جائیں گے لیکن بائبل مقدس فرماتی ہے کہ صرف ایک گناہ ایسا ہے جو لے جا سکتا ہے۔

یوحنا 9:16
گناہ کے بارے میں کیونکہ وہ مجھ پر ایمان نہیں لاتے

یوحنا 36:3
جو بیٹے پر ایمان لاتا ہے ہمیشہ کی زندگی اس کی ہے لیکن جو بیٹے کی نہیں مانتا زندگی کو نہ دیکھے گا بلکہ اُس پر خدا کا غضب رہتا ہے۔

خدا نے آسمان کو چھوڑا اور یسوع مسیح کی صورت میں انسان بن گیا، تاکہ وہ ہماری جگہ اُس کی عدالت ہو اور وہ ہمارا عوضی ہو سکے۔ بائبل ہمارے لئے لکھتی ہے کہ وہ ساری دنیا کے گناہوں کی خاطر مر گیا۔

1 یوحنا 2:2
وہی (یسوع مسیح) گناہوں کا کفارہ ہے اور نہ صرف ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے بلکہ تمام دنیا کے گناہوں کا بھی۔

2 کرنتھیوں 19:5
مطلب یہ ہے کہ خدا نے مسیح میں ہو کر اپنے ساتھ دنیا کا میل ملاپ کر لیا اور ان کی تقصیروں کو اُن کے ذمہ نہ لگایا۔۔

یوحنا 29:1
دوسرے دن اُس (یوحنا) نے یسوع کو اپنی طرف آتے دیکھ کر کہا دیکھو یہ خدا کا برّہ ہے جو دنیا کا گناہ اٹھا لے جاتا ہے۔

ہمارے گناہوں کی پوری قیمت صلیب پر خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ چکا دی گئی تھی۔
اسی وجہ سے یسوع نے مرنے سے پہلے کہا تھا ''تمام ہوا۔''
قیمت ادا کی جا چکی ہے۔ قرض مٹا دیا گیا ہے۔
خوشخبری یہ ہے کہ خدا آئندہ کو ہمارے گناہوں کو یاد بھی نہیں کرتا۔

عبرانیوں 12:8
اس لئے میں ان کی ناراستیوں پر رحم کروں گا۔
اوران کے گناہوں کو پھر کبھی یاد نہ کروں گا۔

عبرانیوں 17:10
اُن کے گناہوں اور بے دینیوں کو پھر کبھی یاد نہ کروں گا۔

افسیوں 1:7-8
ہم کو اُس (یسوع مسیح) میں اُس کے خون کے وسیلہ سے مخلصی یعنی قصوروں کی معافی اس کے اُس فضل کی دولت کے موافق حاصل ہے جو اس نے ہرطرح کی حکمت اور دانائی کے ساتھ کثرت سے ہم پر نازل کیا۔

یسعیاہ 22:44
میں نے تیری خطاؤں کو گھٹا کی مانند اور تیرے گناہوں کو بادل کی مانند مٹاڈالا۔ میرے پاس واپس آ جا کیونکہ میں نے تیرا فدیہ دیا ہے۔

بائبل مقدس کے مطابق ،صرف ایک ایسا گناہ ہے جو ہمیں جہنم میں لے جاسکتا ہے ۔یعنی خود اُس کا انکار کرنا جس نے ہمارے گناہوں کی قیمت ادا کر دی ہے۔

اگر ہم یسوع مسیح پر بطور خداوند اور اپنا نجات دہندہ ایمان لانے سے انکار کرتے ہیں تو ہم گناہوں کی ادا کی گئی قیمت سے بھی انکار کرتے ہیں اور یوں ہم خدا کی تمام تر ابدیت سے محروم رہنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

2 تھسلنیکیوں 1:8-9
اور جو خدا کو نہیں پہچانتے اور ہمارے خداوند یسوع کی خوشخبری کو نہیں مانتے اُن سے بدلہ لیا جائے گا۔ وہ خداوند کے چہرہ اوراس کی قدرت کے جلال سے دُور ہو کر ابدی ہلاکت کی سزا پائیں گے۔

یوحنا 18:3
جو اُس پر ایمان لاتا ہے اُس پر سزا کا حکم نہیں ہوتا۔ جو اُس پر ایمان نہیں لاتا اس پر سزا کا حکم ہو چکا اس لئے کہ وہ خدا کے اکلوتے بیٹے (جس کی پیدائش کے مثال ہے) کے نام پر ایمان نہیں لاتا۔

نا قابلِ معافی گناہ وہ ہے جس کے لئے یسوع مسیح نہ تو مرسکتا تھا اور نہ ہی مرا کیونکہ یہ مسیح کے نجات دہندہ ہونے سے انکار کرنے کا گناہ ہے..... متی 12:31،
یوحنا 3:18,36۔ یہ آزاد مرضی سے کیا جانے والا گناہ ہے۔

اس لئے ہم تمہاری منت کرتے ہیں..... کہ خوشخبری کا انکار مت کرو!
اُس خداوند کا انکار مت کرو جو تُم سے ایسی محبت رکھتا ہے کہ اُس نے تمہاری خاطر اپنی جان تک دے دی!
خوشخبری یہ ہے کہ آپ کے سب گناہوں کی قیمت ادا کی جا چکی ہے، لیکن اگر آپ نجات پانا چاہتے ہیں تو ضرور ہے کہ آپ ابدی زندگی کے اس انعام کو قبول کریں۔

اعمال 16:31
خداوند یسوع پر ایمان لاؤ تو تُو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔

یوحنا 3:16-17
کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔ کیونکہ خدا نے بیٹے کو دنیا میں اس لئے نہیں بھیجا کہ دنیا پر سزا کا حکم کرے بلکہ اس لئے کہ دنیا اس کے وسیلہ سے نجات پائے۔

یوحنا 11:25-26
یسوع نے اُس سے کہا ''قیامت اور زندگی تو میں ہوں۔ جو کوئی مجھ پر ایمان لاتا ہے گو وہ مر جائے تو بھی زندہ رہے گا۔ اور جو کوئی زندہ ہے اور مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ ابد تک کبھی نہ مرے گا۔ کیا تُو اس پر ایمان رکھتی ہے؟

یہ فیصلہ ہم سب کو شخصی طور سے کرنا ہے: کیا آپ یسوع پر بطور خداوند اور نجات دہندہ ایمان رکھتے ہیں؟

اسی ایک فیصلے پر آپ کی ابدی منزل کا دارومدار ہے۔

انتظار مت کریں، اسی وقت فیصلہ کرلیں۔ خداوند یسوع مسیح پر ایمان (اعتقاد) رکھیں کہ وہ آپ کو نجات دے، اور وہ آپ کے اس سادہ ایمان کے وسیلہ ایسا ہی کرے گا۔

یوحنا 24:5 میں یسوع نے کہا:

میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ کو میرا کلام سنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زندگی اس کی ہے اور اُس پر سزا کا حکم نہیں ہوتا بلکہ وہ موت سے نکل کر (ابدی) زندگی میں داخل ہو گیا ہے۔

خدا کا شکر ہو کہ ہمارے گناہوں کی قیمت اُس کے بیٹے کے وسیلے چُکا دی گئی ہے۔ یہ خدا کا عجیب فضل ہے!

افسیوں 2:8-9

کیونکہ تم کو ایمان کے وسیلہ فضل ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تمہاری طرف سے نہیں، خدا کی بخشش ہے۔ اور نہ اعمال کے سبب سے ہے تا کہ کوئی فخر نہ کرے۔''

خداند یسوع پر ایمان لا تو تُو نجات پائے گا

ابدی زندگی کے لئے اُسے قبول کریں، ابدی سزا کے لئے اُس کا انکار کریں۔ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ (انتخاب آپ کا ہے)

یہ کتابچہ برائے فروخت نہیں ہے

GBC پاکستان کے کسی بھی مواد پر قیمت درج نہیں ہوتی۔
جو کوئی بائبل کا مطالعہ کرنا چاہے وہ یہ مواد بلا قیمت اور بغیر واجبات حاصل کر سکتا ہے
خدا بائبل کی تعلیمات فراہم کرتا ہے
ہم اُس کا فضل منعکس کرنا چاہتے ہیں۔